| نمبر | سوال | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | لفظ قرآن کا معنی ہے: | **کثرت سے پڑھی جانے والی کتاب** | صبح کے وقت پڑھی جانے والی کتاب | محفوظ کتاب | آخری کتاب |
| 2 | تمام مسلمانوں کو ایک قراءت پر متفق کرنے والی شخصیت ہیں: | حضرت عمر فاروقؓ | **حضرت عثمان غنیؓ** | حضرت علیؓ | حضرت زید بن ثابتؓ |
| 3 | قرآن مجید کے حفاظ کرام کثیر تعداد میں شہید ہوئے: | **جنگ یمامہ میں** | جنگ یرموک میں | جنگ قادسیہ میں | جنگ جمل میں |
| 4 | حکومتی سرپرستی میں حضرت ابو بکر صدیقؓ کی طرف سے قرآن مجید کی جمع تدوین کے لیے سربراہ مقرر کیے گئے: | **حضرت زید بن ثابتؓ** | حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ | حضرت اسامہ بن زیدؓ | حضرت عبد اللہ بن عمرؓ |
| 5 | حضرت ابو بکر صدیقؓ کے دور میں جمع کیا جانے والا قرآن کس کے پاس موجود تھا؟ | حضرت عائشہ صدیقہؓ | **حضرت حفصہؓ** | حضرت ام سلمہؓ | حضرت ام حبیبہؓ |
| 6 | نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے عمل کو کہا جاتا ہے: | **حدیث فعلی** | حدیث قولی | حدیث تقریری | حدیث قدسی |
| 7 | حدیث کو جمع کرنا اور کتابی شکل دینا کہلاتا ہے: | **تدوین حدیث** | فضیلت حدیث | روایت حدیث | درایتِ حدیث |
| 8 | نبی کریم خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے حضرت عمرو بن حزم کو والی بنا کر بھیجا: | **یمن کا** | مصر کا | شام کا | حبشہ کا |
| 9 | حضرت عمر بن عبد العزیزؒ نے سرکاری سطح پر انتظام فرمایا: | احادیث پر عمل کرنے کا | احادیث کی شرح کا | **احادیث کو جمع و تدوین کا** | احادیث کو حفظ کرنے کا |
| 10 | صحاح ستہ میں شامل کتابوں کی تعداد ہے: | دو کتب ہیں | چار کتب ہیں | **چھ کتب ہیں** | آٹھ کتب ہیں |

گورنمنٹ کرسچین ہائی سکول ڈسکہ